# نمونتاً سوالی پرچہ

## مجموعی قدر پیمائی-1

## 2023-24

جماعت: ہفتم

مضمون: سماجی سائنس

مرتّب کردہ:
عرفانہ بیگم جی پی ٹی
سرکاری اُردو مدرسہ وسطانیہ دِیگاؤں
تعلقہ چیتاپور ضلع کلبرگی

جماعت: ہفتم

مضمون: سماجی سائنس

نشانات: 40 وقفہ: 90 منٹ

# مجموعی قدر پیمائی-1 /2023-24

## نیلا نقشہ

| شمار نمبر | مقاصد / یونٹ | معلومات: معروضی | معلومات: مختصر | معلومات: تفصیلی | تفہیم: معروضی | تفہیم: مختصر | تفہیم: تفصیلی | اطلاق: معروضی | اطلاق: مختصر | اطلاق: تفصیلی | مہارت: معروضی | مہارت: مختصر | مہارت: تفصیلی | جملہ: نشانات | جملہ: سوالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | دنیا میں عظیم ترقی | 1(1) | 1(2) | | | | | | | | | | | 3 | 2 |
| 2 | عہد وسطیٰ کا یوروپ | 1(1) | | | | 1(2) | | | | | | | | 3 | 2 |
| 3 | ہندوستان میں اہل یورپ کی آمد | | | | | | | | 1(2) | | | | | 2 | 1 |
| 4 | 18ویں صدی میں ہندوستان | | 1(2) | | 1(1) | | | | | | | | | 3 | 2 |
| 5 | برطانوی حکومت کا عروج | | | | 4(1) | | | | | | | | | 4 | 4 |
| 6 | انگریزی حکومت کے اثرات | | | | | 1(2) | | | | | | | | 2 | 1 |
| 7 | میسور اور دیگر علاقے | | | | 1(1) | | 1(4) | | 1(2) | | | | | 7 | 3 |
| 8 | بھکتی پنتھ اور صوفی روایات | 2(1) | | | | | | | | | | | | 2 | 2 |
| | شہریت | | | | | | | | | | | | | | |
| 9 | مرکزی حکومت | | | | | 1(2) | | 1(1) | | | | | | 3 | 2 |
| 10 | ریاستی حکومت | | | | | 1(2) | | 1(1) | | | | | | 3 | 2 |
| | جغرافیہ | | | | | | | | | | | | | | |
| 11 | بھارت کی طبعی تقسیم | | | | | | | | | | | | 1(4) | 4 | 1 |
| 12 | شمالی امریکہ | | | | | | | | 1(2) | | | | | 2 | 1 |
| 13 | جنوبی امریکہ | | 1(2) | | | | | | | | | | | 2 | 1 |
| | جملہ | 7(10) | | | 11(18) | | | 5(8) | | | 1(4) | | | 24(40) | |

نوٹ: قوسین کے اندر نشانات اور قوس کے باہر سوالات کی تعداد درج ہیں۔

Imagitor

# نمونتاً مجموعی قدر پیمائی-1 2023-24

جماعت : ہفتم | مضمون : سماجی سائنس | نشانات : 40 | وقفہ : 90 منٹ

نام : | رول نمبر : | مورخہ :

**سوال نمبر 1۔ درج ذیل چار مبادلات میں سے صحیح جواب کے سامنے صحیح کا نشان لگائیں۔** 1×4=4

1 عیسائی مذہب کی مقدس کتاب کون سی ہے؟

- انجیل ○
- قرآن مجید ○
- تورات ○
- زبور ○

2 قسطنطنیہ کا جدید نام کیا ہے؟

- اٹلی ○
- روم ○
- استنبول ○
- ایتھنز ○

3 کس صدی کو مورخین مراٹھا کی بالادستی کا دور کہتے ہیں؟

- 17ویں صدی ○
- 18ویں صدی ○
- 19ویں صدی ○
- 20ویں صدی ○

4 کاویری ندی کا منبع کس مقام کو کہتے ہیں؟

- کورگ ○
- کتّور ○
- ٹلوناڈو ○
- تل کاویری ○

**سوال نمبر 2۔ مناسب الفاظ سے خانہ پُری کیجئے۔** 1×4=4

5 کرناٹک کے کبیر کے نام سے ____________ کو بلایا جاتا ہے۔

6 صوفی حضرت خواجہ بندہ نواز رحمۃ اللہ علیہ کا دوسرا نام ____________ ہے

7 آپ کے اسمبلی حلقے کے MLA ____________ ہیں۔

8 ہندوستان میں ووٹ ڈالنے کی کم از کم عمر ____________ سال ہے۔

**سوال نمبر 3۔ مناسب جوڑ لگائیے۔** 1×4=4

| | | |
|---|---|---|
| 9 | پلاسی کی جنگ | 1848 |
| 10 | بکسر کی جنگ | 1757 |
| 11 | کرناٹک کی جنگیں | 1764 |
| 12 | مسئلہ الحاق | 1746 تا 1768 |

سوال نمبر 4 :- درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ 2x10=20

13 حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اہم تعلیمات کیا ہیں ؟

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

14 نشاہ ثانیہ کے دو اہم خصوصیات لکھیے ؟

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

15 ہندوستان میں پرتگالیوں نے اپنے تجارتی مراکز کہاں قائم کیے ؟

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

16 پلاسی کی جنگ کس کس کے درمیان ہوئی ؟

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

17 1857 میں قائم کی گئی یونیورسٹیاں کونسی ہیں ؟

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

18 ٹیپو سلطان کے کارنامے کیا ہیں ؟

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

Imagitor

19 لوک سبھا کے رُکن بننے کی قابلیت کیا ہے ؟

20 دو ایوانی مقننہ (Bicameral) کسے کہتے ہیں ؟

21 شمالی امریکہ کو پرائریز کا علاقہ کیوں کہا جاتا ہے ؟

22 جنوبی امریکہ کا محل وقوع اور رقبہ لکھیے ؟

**سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔** 4x2=8

23 رانی چنمّا انگریزوں کے خلاف کیوں آگ بگولا ہو گئی ؟



Imagitor


24 کرناٹک کے نقشے پر کرناٹک کے مندرجہ ذیل طبعی حصّوں کی نشاندہی کریں اور رنگ بھریں۔

1) ساحلی میدان

2) ملناڈ علاقہ

3) شمالی میدان

4) جنوبی میدان



Imagitor

# جوابی پرچہ برائے مجموعی قدر پیمائی-1

جماعت : ہفتم　　　مضمون : سماجی سائنس　　　نشانات : 40

## سوال نمبر 1

1 انجیل

2 استنبول

3 18ویں صدی

4 تل کاویری

## سوال نمبر 2

5 شیشونال شریف

6 گیسودراز

7 شری پریانک کھرگے

8 18سال

## سوال نمبر 3

9 b- 1757

10 c- 1764

11 1748 تا 1768

12 a- 1848

## سوال نمبر 4

13۔ اللہ کے سِوا کوئی معبود نہیں۔ محمد اللہ کے اور رسول ہیں۔ مجسمے یا بت بنا کر عبادت کرنا جائز نہیں ہے۔

ہر انسان اللہ کا خادم ہے، اُسے ایماندار ہونا چاہیے، سب انسان برابر ہیں۔

14۔ نشاۃ ثانیہ کے دو اہم خصوصیات انسانیت نوازی اور اقلیت پسندی ہیں۔

15۔ ہندوستان میں پرتگالیوں کے تجارتی مراکز دیو، دمن، سالسیٹ، بیسن چول، سان تھوم، اور بنگال کے ہوگلی وغیرہ ہیں۔

16۔ پلاسی کی جنگ انگریزوں اور نواب سراج الدولہ کے درمیان ہوئی۔

17۔ 1857 میں قائم ہونے والی یونیورسٹیاں کولکتہ، ممبئی اور مدراس یونیورسٹی ہیں۔

18۔ٹیپو سلطان علمِ سائنس سے متعلق جانکاری رکھتے تھے، انکے پاس بہترین کتب خانہ تھا، بنگلور کا محل، سری رنگا پٹن کا دریا دولت باغ تعمیر کروایا، ریشم کی کاشت کو عوام میں مقبول کیا۔

19۔ 1۔ ہندوستان کا شہری ہو، 2۔ اس کی عمر 25 سال یا اس سے زیادہ ہو، 3۔ کسی بھی عدالت کے ہاتھوں سزا یافتہ نہ ہو، 4۔ وہ دیوالیہ نہ ہو۔

20۔ ہندوستان کی صرف 6 ریاستیں دو ایوانوں پر مشتمل ہیں قانون ساز اسمبلی اور قانون ساز کونسل اسے دوہری نظام کہتے ہیں۔


21۔ راکی پہاڑیاں اور مسی سپی مزوری کے عظیم دریا کے طاس کے درمیان وسیع گھاس کے میدان ہیں جو دراصل پیڑوں سے محروم وسیع میدان ہیں جن کو پرائریس کے گھاس کے میدان بھی کہا جاتا ہے۔

22۔ جنوبی امریکہ خصوصی طور پر جنوبی نصف کرہ میں دکھائی دیتا ہے، °12 شمالی عرضِ بلد سے °56 جنوبی عرضِ بلد تک اور °35 مغربی طول بلد سے °81 مغربی طول بلد تک پھیلا ہوا ہے۔ اسکا رقبہ 177.1 لاکھ مربع کلومیٹر ہے۔

## سوال نمبر 5

23۔ بہادر اور دلیر کہلانے والی کتّورانی چنمّا راجہ ملّا سرجا دیسائی کی بیوی تھی ملّا سرجا اور اس کا جانشین بننے والا بیٹا فوت ہوگیا، چنمّا شولنگا سرجا کو گود لے کر حکومت کرنے لگی، دھارواڑ کے کلیکٹر ٹھیا کرے نے اس کو بہانہ بنا کر یہ سفارش کی کہ گود لینے کا اقدام ٹھیک نہیں ہے اس لیے کِتّور کی حکومت برٹش حکومت کے حوالے کی جائے چنمّا کو اس بات کا پتہ چلا تو وہ انگریزوں کے خلاف آگ بگولا ہوگئی۔

Imagitor


کرناٹک طبعی
مہاراشٹرا
Maharashtra
آندھرا پردیش
Andhra Pradesh
شمالی میدان
Northern Maidan
ساحلی میدان
ملناڈ علاقہ
جنوبی میدان
Southern Maidan
Arabian Sea
بحرِ عرب
تمل ناڈو

# زبانی سوالی پرچہ برائے مجموعی قدر پیمائی-1

**جماعت : ہفتم　　مضمون : سماجی سائنس　　نشانات :10**

1) اسلام کی مقدس کتاب کونسی ہے ؟

2) سینٹ پیٹرز چرچ کہاں ہے ؟

3) مسئلہ الحاق کو کس نے جاری کیا؟

4) ہزاروں ستون والی خانقاہ کہاں ہے ؟

5) کلیگ کی رادھا کسے کہتے ہیں ؟

6) اساتذہ کے ذریعے منتخب نمائندے کس ایوان کے رکن ہوتے ہیں ؟

7) دنیا کی آبادی کے حوالے سے ہندوستان کا مقام کیا ہے ؟

8) شمالی امریکہ کے اہم دریا کونسے ہیں ؟

9) جنوبی امریکہ کا سب سے بڑا ملک کونسا ہے ؟

10) جنوبی امریکہ کا سب سے بڑا آبشار کونسا ہے ؟

# زبانی جوابی پرچہ برائے مجموعی قدر پیمائی-1

1) قرآنِ مجید

2) روم

3) لارڈ ڈلہوزی

4) مڈبدرے

5) میرابائی

6) قانون ساز کونسل

7) دوسرا

8) مسی سیپی، مزوری

9) برازیل

10) اینجل آبشار

Imagitor